


فاؤنڈیشن Vidal i Barraquer سان آندریو میں کمیونٹی بحالی سروس ترینیداد بیئیا، بون پاستور، بارو دے ویویر، سان آندریو اور لا ساگریرا کے محلوں میں سنیما اور دماغی صحت کے دور کے تیرھویں ایڈیشن کا انعقاد کر رہی ہے۔

رواں سال، REC I ACCIÓ کا چھٹا ایڈیشن منایا جا رہا ہے، ایسا مقابلہ جو ساری آبادی کو شرکت کی دعوت دیتا ہے، ایسا پروگرام جس میں آرٹ یا ویڈیو آرٹ کے ذریعے اظہار خیال سے دماغی صحت پر بات کی جا سکے، مختلف نظاروں یا مختلف جذبات کا اشتراک کرنے کے لئے ایک تصور قائم کیا جائے اور دماغی صحت کے تصور کو وسیع کیا جائے تاکہ اسے دیکھا اور بانٹا جا سکے۔ دماغی صحت سب کی ضرورت ہے!

مقابلے کی شرائط:

- بالغ عمر کوئی بھی شخص حصہ لے سکتا ہے۔*

- پیش کردہ مختصر فلموں کو موبائل ٹیلیفون یا ویڈیو کیمرہ سے ریکارڈ کیا گیا ہو۔ زیادہ سے زیادہ 2 منٹ کی ہو، اس میں مختصر فلم کے کریڈٹ شامل نہیں ہیں۔ فلم بنانے کے بعد، شرکاء کو اجازت ہے کہ وہ دیگر ایڈیٹنگ پروگراموں جنہیں وہ موزوں تصور کریں، کے ذریعہ تصاویر اور آواز کی ایڈیٹنگ کر سکتے ہیں۔

- مقابلے میں حصہ لینے والے مرد و خواتین مقابلے سے متعلق معلوماتی یا تشہیری مقاصد کے لئے اپنی بنائی گئی فلم کو چلانے اور تشہیر کرنے کو قبول کرتے ہیں اور ضروری ہے کہ تصویری حقوق کی دستاویز (منسلک کردہ) پر دستخط کریں۔

- مختصر فلم کے ساتھ ٹائٹل، مختصر وضاحت (خلاصہ اور اس کے ذریعہ کیا پیغام دینا چاہتے ہیں) اور ڈائریکٹر کا نام (گروپ کی صورت میں، نمائندے کا نام) شامل ہونا چاہیے۔ مختصر فلم WeTransfer کے ذریعہ بھیجنا ہو گی، اس کے ہمراہ خلاصہ اور فلم کے ذریعے جو پیغام دیا جا رہا ہے، منسلک کرنا ہو گا نیز دستخط کردہ تصویری حقوق کی دستاویز ای میل reciacciosantandreu@gmail.com پر ارسال کریں۔ جمع کروانے کی آخری تاریخ: **2 نومبر 2025**۔

- جیوری مندرجہ ذیل اداروں/تنظیموں کے ممبران پر مشتمل ہو گی: CAP Casernes, Fundación Vidal i Barraquer, La Llotja اور L’Altre Festival۔

- تمام پیش کردہ مختصر فلمیں YouTube کے صفحے پر ڈالی جائیں گی اور ان پر 10 سے 18 نومبر 2025 تک ووٹ (مجھے پسند ہے) دیا جا سکے گا۔ وہ مختصر فلم جسے زیادہ ووٹ ملیں گے وہ مقبول انعام کی حقدار ہو گی اور جسے کسی دوسرے درجہ کے انعام کے ساتھ بھی ملایا جا سکتا ہے۔

- پیش کی جانی والی مختصر فلموں کو YouTube کے حوالہ سے مالک کے حقوق کے قواعد کو مدنظر رکھنا ہو گا۔ جائز استعمال اور مالکانہ حقوق کے متعلق YouTube کی پالیسیاں۔

- ایسا کام جمع نہیں کروایا جا سکتا جس میں انسانی عزت کو پامال کرنے والا مواد شامل ہو اور یا پھر اس میں پیدائش، نسلی وابستگی، جنسی رجحان، رائے یا کسی اور ذاتی یا سماجی صورتحال کے باعث نفرت، ہتک یا امتیاز کو فروغ دیا جائے۔

- **19 نومبر 2025 کو شام 18.30 بجے** سوک سینٹر Baró de Viver میں انعامات کی تقسیم کی تقریب ہو گی۔

- تین انعام دیے جائیں گے:

پہلا انعام: **300 یورو،** ٹرافی اور ڈپلومہ۔

دوسرا انعام: **150 یورو کا آن لائن خریداری واؤچر،** ٹرافی اور ڈپلومہ۔

مقبول انعام: **سنیما پلیٹ فارم کی رکنیت،** ٹرافی اور ڈپلومہ۔

کسی بھی خدشے/ معلومات کے لئے رابطہ کریں: reciacciosantandreu@gmail.com

* نابالغ عمر کی صورت میں ٹیوٹر/قانونی نمائندے کا اجازت نامہ ہونا ضروری ہے۔

منتظم: پیشکش:

تعاون:

# ذاتی نوعیت کے کوائف اور تیار کردہ مواد سے متعلق تصاویر کے استعمال سے متعلق اجازت نامہ

کمیونٹی بحالی سروس میں، رابطے اور تشہیر کی جگہ موجود ہے، بشمول ویب، جہاں معلومات فراہم کی جاتی ہیں اور گروپ اور کمیونٹی کی سرگرمیوں کی تشہیر کی جاتی ہے۔

ان جگہوں پر تصاویر/ آواز کو شائع کیا جا سکتا ہے، جن میں انفرادی یا گروپ میں صارف ظاہر ہوں جو بیان کردہ سرگرمیوں میں شرکت کرتے ہیں۔

ذاتی تصویر کا حق آئین کی شق 18.1 میں تسلیم کیا گیا ہے اور اسے شہری تحفظ کے ذریعہ احترام کے حق، نجی اور خاندانی زندگی اور ذاتی تصویر کے حق کے اساسی قانون 1982/1 از 5 مئی کے تحت باقاعدہ کیا گیا ہے، جس کے لئے مرکز کی انتظامیہ، سروس کی جانب سے منعقد کردہ پیشکشوں میں شرکت کرنے والے افراد سے ان کی اجازت طلب کرتی ہے اور اگر ضروری ہو تو ان کے قانونی سرپرستوں سے تاکہ ان کی تصاویر یا ویڈیو کی تشہیر کی جا سکے جن میں یہ صارفین ظاہر ہوتے ہیں۔

## صارف کے کوائف

نام اور خاندانی نام:

DNI/NIE/پاسپورٹ:

## میں اجازت دیتی/دیتا ہوں

1. کہ میری تصویر یا/اور آواز ان تصاویر یا/اور ویڈیو میں ظاہر کی جا سکتی ہے جن کا تعلق سروس کی سرگرمیوں سے ہے جو مرکز کے زیر انتظام اور زیر تشہیر ہیں، جن پر ان کے ویب اور سوشل نیٹ ورکس کے ذریعہ محدود یا عام رسائی ہو گی۔

ہاں ☐ نہیں ☐

2. کہ تیار شدہ مواد رابطے کی ان جگہوں پر تشہیر کی غرض سے شائع کیا جا سکتا ہے۔

ہاں ☐ نہیں ☐

مقام اور تاریخ: بارسیلونا، سان آندریو میں 30 مئی 2025

صارف کے دستخط